ہے، جس کی تشہیر اور پروپیگنڈہ مہم ذرائع ابلاغ کے ہاتھ میں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے بیشتر مسلمان طالبان کو 'امریکہ' و'را' کا ایجنٹ تصور کر رہے ہیں جبکہ حقیقت اس کے قطعاً بالعکس ہے۔ پاکستانی حکومت وفوج کا امریکہ کا ایجنٹ ہونا تو واضح ہو چکا اور جہاں تک را اور بھارت کا تعلق ہے تو اس کے لئے پاکستانی اور بھارتی حکومتوں کی دوستی اور محبت کے قصے روزانہ کے اخبارات میں پڑھے جاسکتے ہیں۔سب سے بڑا ایجنٹ رحمٰن ملک تو یہاں تک کہہ رہا ہے کہ 'ہم بھارت کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑیں گے'۔اس سے بڑھ کر مزید کیا ثبوت ہوسکتا ہے؟

دوسری جانب طالبان اور مجاہدین نے روزِ اول سے اپنا مقصد واضح کر کے بیان کیا ہے اور وہ ہے اعلائے کلمۃ اللہ یعنی اللہ کی زمین پر شریعت کا نفاذ اور خلافت کا قیام۔سوات کے طالبان نے بھی یہی آواز ہ بلند کیا تھا اور وزیرستان کے مسلمان بھی اسی کے لئے کوشاں ہیں۔ان کا امن بھی اسی کے لئے ہے اور ان کی جنگ بھی اسی کے لئے ہے۔طالبان ذمہ داران بیت اللہ محسود، ملا نذیر، مولانا فضل اللہ، حاجی گل بہادر و دیگر اپنے بیانات میں اس کا اعادہ بھی کرتے رہتے ہیں۔

﴿وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لاَ تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلّه﴾ (الانفال: ۳۹)

نفاذِ شریعت اور نظامِ کفر کی ٹکر؛ ابدی حقیقت

جب بھی نفاذِ شریعت کی بات دنیا کے کسی بھی کونے میں کی جائے گی تو ہمارے سروں پہ مسلط پورا نظام اس کے خلاف متحرک ہوجائے گا۔اس کی وجہ یہ ہے کہ 'نفاذِ شریعت' سے 'ریاست' اور 'جمہوریت' کے نظامِ کفر کی بقا ہی خطرے میں پڑ جاتی ہے کیونکہ شریعت آئے گی تو ریاست اور جمہوریت نہیں رہے گی اور ریاست و جمہوریت ہوگی تو شریعت کبھی نہ آئے گی۔شریعت کا نام لینے والوں کے خلاف امریکہ و مغرب ٹوٹ پڑتا ہے کہ وہ دنیا کے جدید عالمی نظام کا انکار کرتے ہیں، جمہوریت کو تسلیم نہیں کرتے جس سے امریکہ کی حاکمیت خطرے میں پڑ جاتی ہے (، اور پسِ پردہ ازلی اسلام دشمنی ہی ہوتی ہے)۔نیز شریعت کا نام لینے والوں کے خلاف پوری ریاست بھی متحرک ہوجاتی ہے کیونکہ شریعت کے نفاذ سے 'ریاست کی رٹ' چیلنج ہوتی ہے، ریاست کی Sovereignty باقی نہیں رہتی ہے اور 'ریاست کے اندر ریاست' قائم ہوتی ہے (اور درحقیقت یہ تو ناگزیر ہے)۔یہی سب کچھ اب پاکستان میں بھی ہو رہا ہے۔سوات میں آپریشن بھی اسی بنا پر ہوا اور اب وزیرستان میں بھی آپریشن 'راہ نجات' اسی لئے کیا جارہا ہے کہ ریاستی رٹ جو شریعت کا نام لینے سے چیلنج ہوئی ہے، اسے بحال کیا جائے اور شریعت سے لوگوں کو نجات دلائی جائے۔

آپریشن راہِ نجات اور ہماری ذمہ داری

اس پورے منظرنامے کا تجزیہ چند الفاظ میں یہی کیا جاسکتا ہے کہ ''ہر عمل کے پیچھے کوئی مقصد یا مقاصد ہوتے ہیں، جن کے حصول کے لئے وہ عمل کیا جاتا ہے۔دینِ اسلام نے بھی جہاں جہاد کی بات کی ہے وہاں اس کے مقاصد بیان کئے ہیں اور ان میں سے اساسی اعلائے کلمۃ اللہ اور حاکمیتِ کفر کا خاتمہ ہے۔اب جو اس کے لئے لڑے وہ حق پر ہے اور جو اس کے خلاف کفر کی حاکمیت کے لئے لڑے وہ باطل پر ہے''۔

وزیرستان و دیگر قبائل میں بسنے والے مجاہدین، خواہ آپ انھیں طالبان کا نام دیں یا القاعدہ، ان تمام کے پیشِ نظر یہی ایک مقصد ہے اور دنیا کے ہر خطے میں اس کا حصول ان کا مطمع نظر ہے۔وہ افغانستان میں صرف اس کی آزادی کے لئے تو نہیں لڑ رہے بلکہ وہ تو خلافت کے قیام کے لئے کوشاں ہیں اور خلافت کا قیام صرف افغانستان میں تو نہیں واجب بلکہ پاکستان میں بھی اسی طرح فرض عین ہے۔ان کے خلاف دنیا کے ہر محاذ پر صلیب و ہیکل کے پجاری امریکہ کی قیادت میں پورا مغرب اور اس کا عالمی نظام برسرِ پیکار ہے۔پاکستان کی ریاست بھی چونکہ اس عالمی نظام سے منسلک ہے اور یہاں کی حکومت، فوج اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اسلام و شریعت کے مقابل اسی نظام کا تحفظ چاہتے ہیں تو وہ بھی جمہوریت اور ریاست کی رٹ کو بحال کرنے کے لئے مجاہدین (طالبان اور القاعدہ) کے خلاف لڑ رہے ہیں۔دراصل ان کے پیشِ نظر یہی ہے لیکن دجل اور فریب و دھوکہ دہی سے وہ اس کو دہشت گردی، مسلمانوں کے قتل اور مسجدوں پر حملوں کے خلاف جنگ کے نام پر لڑ رہے ہیں (گو یہ سب کام اسلام کے خلاف بغض رکھنے کی وجہ سے وہ خود کرتے ہیں، حالیہ سوات میں آپریشن کے دوران انھوں نے ہر جگہ داخل ہوکر سب سے پہلے وہاں کی مساجد کو مسمار کیا ہے تاکہ مجاہدین وہاں رہ نہ سکیں اور عام مسلمانوں کو شہید کیا ہے تاکہ مجاہدین کے خلاف ان میں نفرت پیدا کی جائے اور انھیں مجاہدین کے خلاف کیا جائے)۔

اے مسلمانانِ پاکستان! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے، حق اور باطل بالکل واضح ہے۔اس پوری صورتحال میں خاموشی بھی گناہ ہے۔آگے بڑھئے، حق کا ساتھ دیجئے اور مجاہدین (طالبان) کی قوتِ بازو بنئے تاکہ سب مل کر پاکستان سے فرسودہ باطل کفری نظام اکھاڑ پھینک کر اس کی جگہ شریعت کو نافذ کریں اور یہاں اسلامی امارت قائم کریں!

وآخر دعوانا ان الحمد للّٰہ رب العالمین!

افغانستان: ہلمند میں نیا امریکی اڈا اور انتخابی ڈرامہ

سید عمیر سلمان

عالمِ کفر کا سربراہ، طاغوتِ اکبر امریکہ اس وقت افغانستان میں مکمل طور پر بے بس ہو چکا ہے۔ آٹھ سال میں کھربوں ڈالر خرچ کرنے اور ہزاروں فوجی قربان کرنے کے بعد بھی اسے حالات کسی طور سدھرتے نظر نہیں آتے۔ ایک طرف فوجی مرنے کے ساتھ ساتھ اس کی معیشت بگڑ رہی ہے تو دوسری طرف امریکی عوام میں بھی خوف اور بے چینی پھیل رہی ہے۔ اس وقت افغانستان امریکہ کی بقا کا مسئلہ بن چکا ہے کہ اگر یہاں سے ذلیل ہو کر نکلتا ہے تو پوری دنیا میں اس کا رُعب تو دور کی بات، اسے سہارا دینے والا بھی کوئی نہ ہوگا۔

ان حالات کے پیشِ نظر امریکہ افغانستان میں اپنی حالت سدھارنے کے لیے بھرپور کوششوں میں مصروف ہے۔ حال ہی میں ۱۷ ہزار فوجی افغانستان بھیجنے کے بعد امریکہ نے مزید ۲ ہزار کمانڈوز بھیجنے کا اعلان کیا ہے جو ہلمند میں تعینات کیے جائیں گے۔ ہلمند میں ایک امریکی اڈہ Camp Leatherneck کے نام سے تعمیر کیا جا رہا ہے جس میں سپیشل فورسز کے کمانڈوز تعینات کیے جائیں گے۔ ہلمند جو ''دشتِ مرگ'' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، اس وقت صلیبیوں کے لیے صحیح معنوں میں ''دشتِ مرگ'' بنا ہوا ہے۔ مجاہدین، اللہ کے فضل سے ہلمند میں بہت مضبوط ہو چکے ہیں اور دن بدن ان کی کارروائیوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکہ نے وہاں ایک مضبوط اڈہ بنانے کی ضرورت محسوس کی ہے۔

۷ مئی کو ہلمند کے ضلع لشکر گاہ میں امریکی کانوائے پر مجاہدین نے کمین لگا کر حملہ کیا، جس میں ۳ امریکی ٹینک تباہ ہوئے اور کم از کم ۱۷ امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔ اسی طرح ۲۲ مئی کو ہلمند میں ۹ برطانوی فوجی ہلاک ہوئے۔ ۲۵ مئی کو مختلف کارروائیوں میں ۱۷ صلیبی فوجی مُردار ہوئے۔ ۲۷ مئی کو ایک ریموٹ کنٹرول بم حملے میں ۳ برطانوی ٹینک تباہ اور ۱۶ فوجی مُردار ہوئے۔

مُلک کے دوسرے صوبوں کے حالات بھی ہلمند سے کچھ زیادہ مختلف نہیں۔ اکثر صوبوں میں مجاہدین انتہائی منظم انداز میں کارروائیاں کر رہے ہیں۔ ۲۲ مئی کو صوبہ وردگ میں مجاہدین نے امریکی کانوائے پر حملہ کر کے ۱۱ امریکی اور ۱۵ افغان فوجی ہلاک کر دیے۔ قندوز میں ایک کارروائی سے ۱۸ جرمن فوجی ہلاک ہوئے۔ ۲۲ مئی کو ہی قندھار میں ایک شہیدی حملے میں پولیس چیف سمیت ۱۱ فوجی ہلاک ہوئے۔ ۶ جون کو ہلمند میں شہیدی حملے میں ۲۱ پولیس اہلکار ہلاک ہوئے، جن میں اعلیٰ عہدے دار بھی شامل ہیں۔ کابل میں امریکی کانوائے پر حملے میں ۱۴ امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔ قندوز میں ۱۱ جون کو جرمن کانوائے پر حملے میں ۱۸ جرمن فوجی جہنم واصل ہوئے۔ الغرض افغانستان کے تقریباً تمام صوبوں میں مجاہدین اپنے اسلاف کی یاد تازہ کر رہے ہیں۔ مجاہدین عنقریب پورے ملک میں ''آپریشن نصرت'' کے نام سے اجتماعی کارروائیاں شروع کرنے والے ہیں جن میں صلیبی و مرتد فوج کو ملک کے ہر کونے میں نشانہ بنایا جائے گا۔

مجاہدین کی کارروائیوں کا اندازہ جنرل پیٹریاس کے اس بیان سے لگایا جا سکتا ہے جس میں اس نے کہا کہ صرف ماہِ جون کے پہلے ہفتے میں مجاہدین نے ۴۰۰ حملے کیے۔ جب کہ جنوری ۲۰۰۴ میں یہ شرح ۵۰ حملے فی ہفتہ سے بھی کم تھی۔ ان حالات کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ امریکی فوجی خوف اور نفسیاتی امراض کا شکار ہونے لگے ہیں۔ رابرٹ گیٹس کے مطابق امریکی فوجیوں کے مرنے کی رفتار یہی رہی تو عوام بھی جنگ کی مخالف ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کفار کے دلوں میں مومنین کا رعب ڈال دیتا ہے، اس رعب کا یہ اثر ہوا ہے کہ امریکی فوجیوں میں خودکشی کی شرح بہت بڑھ گئی ہے۔ سال ۲۰۰۸ میں ۱۳۳ امریکی فوجیوں نے خودکشی کی تھی جب کہ اس سال صرف ۵ مہینوں میں ۸۲ فوجی خودکشی کر چکے ہیں۔ دنیا پر حکمرانی کا خواب دیکھنے والے اور خود کو ''سُپر پاور'' کہلانے والے امریکہ کی ''بہترین'' فوج کا یہ حال ہے کہ انتہائی کم تربیت یافتہ اور ظاہری شان و شوکت اور مالی اسباب کے لحاظ سے کمزور مجاہدینِ اسلام سے اس قدر خوف کھائے بیٹھے ہیں کہ خودکشیاں کرنے لگے ہیں۔ کفار کے حصے میں دونوں جہانوں کی ذلت ہے جب کہ کامرانی تو مومنین کو ہی حاصل ہوتی ہے، چاہے وہ جنگ میں فتح کی شکل میں ہو یا شہادت کے بعد ابدی زندگی کی شکل میں............!

> **امریکہ افغانستان سے نکلنا تو چاہتا ہے مگر وہ ملک میں اسلامی نظام کسی صورت برداشت نہیں کر سکتا۔ اس لیے وہ چاہتا ہے کہ کسی طرح وہ یہاں سے اپنی فوجیں بھی بچا کر واپس لے جائے اور اس کا ایجنڈا بھی پورا ہوتا رہے۔ اس مقصد کے لیے وہ نام نہاد کلمہ گو افواج کا استعمال کرنا چاہتا ہے**

افغانستان میں اس وقت اگست میں ہونے والے الیکشن کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ حامد کرزئی جس کو کچھ عرصہ پہلے امریکہ کی طرف سے 'نہ' ہو گئی تھی، اسے اب پھر گرین سگنل مل گیا ہے اور اس کے دوبارہ صدر بننے کے امکانات ہیں۔ کچھ

ذرائع کے مطابق سابق وزیرِ خارجہ اشرف غنی کو بھی صدر بنایا جاسکتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ سابق امریکی سفیر اور امریکی تھنک ٹینک کے رکن زَلمے خلیل زاد کو وزیر اعظم کے طور پر لایا جار ہا ہے،جس کے ذریعے حامد کرزئی پر چیک رکھنے کے علاوہ مُلکی پالیسی بھی تبدیل کی جائے گی۔

ساری دُنیا جانتی ہے کہ یہ الیکشن ٹوپی ڈرامے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔دنیا میں پہلی بار یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ صدارتی الیکشن کے ۴۱ اُمیدوار نامزد ہوں۔ان امید واروں کی قابلیت اور اہلیت کی قلعی کھولتے ہوئے ہیڈ آف الیکشن کمیشن' عزیز اللہ کہتا ہے:

''اتنے سارے نا اہل امیدوار آ گئے ہیں، مجھے شرمندگی ہوتی ہے۔جب میں کسی امیدوار سے پوچھتا ہوں کہ تم پڑھے لکھے ہو تو وہ کہتا ہے کہ نہیں۔میں پوچھتا ہوں تمہارا کوئی سیاسی پسِ منظر؟ تو وہ کہتا ہے کہ نہیں! میں پوچھتا ہوں کہ تم کسی مسجد کے خطیب ہو؟ تو وہ کہتا ہے نہیں!!!اس کے باوجود وہ اپنا نام لکھواتا ہے اور افغانستان کا صدر بننا چاہتا ہے اس ساری کیفیت کے باوجود میں اس کا نام نہیں کاٹ سکتا۔''

اس نام نہاد الیکشن کو طالبان کے حملوں سے محفوظ بنانے کے لیے امریکہ اور اس کے حواری ایڑھی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔برطانیہ نے صرف الیکشن کے لیے ۷۰۰ فوجی بھیجنے کا اعلان کیا ہے۔سپین ۴۵۰ فوجی الیکشن کے لیے اور ۷۰ فوجی کابل ایئر پورٹ کی حفاظت کے لیے بھیجے گا۔کینیڈا نے الیکشن کے لیے ۱۲ ملین ڈالر دیے ہیں، جو پولیس کی تنخواہیں بڑھانے اور مزید ۱۰۰۰ فوجی بھرتی کرنے کے لیے استعمال ہوں گے۔یہ اہلکار قندھار میں تعینات کیے جائیں گے۔آسٹریلیا نے بھی الیکشن کی وجہ سے اس سال کا افغانستان کے لیے مخصوص بجٹ بڑھا کر ۵۵۰ ملین ڈالر کر دیا ہے جو اس کے ۱۰۹۰ فوجیوں پر خرچ کیا جائے گا۔۱۰۹۰ فوجیوں کے لیے ۵۵۰ ملین ڈالر سالانہ بجٹ سے صلیبی افواج کے ۸۰ ہزار سپاہیوں کے سالانہ خرچ کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

امریکہ کا الیکشن اور دیگر انتظامات کرانے کا مقصد ایک طرف افغانستان میں اپنی حالت بہتر کرنا ہے تو دوسری طرف فرار کا راستہ تلاش کرنا بھی ہے۔ایک رپورٹ کے مطابق ہالبروک کے دورہ پاکستان میں جن باتوں پر بحث کی گئی ان میں ایک یہ بھی ہے کہ امریکہ افغانستان سے اگر نکلنا چاہے تو کون سا راستہ اختیار کیا جائے؟ اسی سلسلے میں I.S.I چیف اور رابرٹ گیٹس کی سعودیہ میں ملاقات ہوئی۔جس میں حکمت یار اور دوسرے متحارب گروپوں سے مذاکرات کی بات ہوئی۔سعودی عرب ان مذاکرات میں ثالث کا کردار ادا کرے گا۔امریکہ افغانستان سے نکلنا تو چاہتا ہے مگر وہ ملک میں اسلامی نظام کسی صورت برداشت نہیں کرسکتا۔اس لیے وہ چاہتا ہے کہ کسی طرح وہ یہاں سے اپنی فوجیں بھی بچا کر واپس لے جائے اور اس کا ایجنڈا بھی پورا ہوتا رہے۔اس مقصد کے لیے وہ نام نہاد کلمہ گو افواج کا استعمال کرنا چاہتا ہے اور اسی مقصد کے لیے اس نے تُرکی سے رابطہ کیا ہے۔تُرکی جس کے پہلے ہی ۷۳۰ فوجی افغانستان میں موجود ہیں، مزید فوج بھیجنے پر راضی ہو گیا ہے۔اس سلسلے میں پاکستان کو بھی کہا گیا ہے مگر ابھی تک کوئی فیصلہ منظرِ عام پر نہیں آیا۔اسی سلسلے میں افغان فوج میں بھی مزید بھرتی اور ٹریننگ جاری ہے۔اس وقت افغان فوج کی کل تعداد ۷۹۰۰۰ ہے اور ۷۰۰۰ فوجی ٹریننگ کے مرحلہ میں ہیں۔امریکہ کا ارادہ ہے کہ افغان فوج کی تعداد بڑھا کر ۱ لاکھ ۸۰ ہزار کر دی جائے۔اس کے علاوہ مختلف مسلم ممالک کی افواج بھی یہاں بھیجی جائے۔اس کے بعد صلیبی یہاں سے فرار کا رستہ اختیار کریں گے اور ان کے پالتو کتے افغانستان میں ان کا کام کریں گے۔

> سال ۲۰۰۸ میں ۱۳۳ امریکی فوجیوں نے خودکشی کی تھی جب کہ اس سال صرف ۵ مہینوں میں ۸۲ فوجی خودکشی کر چکے ہیں۔دنیا پر حکمرانی کا خواب دیکھنے والے اور خود کو ''سُپر پاور'' کہلانے والے امریکہ کی ''بہترین'' فوج کا یہ حال ہے کہ انتہائی کم تربیت یافتہ اور ظاہری شان و شوکت اور مالی اسباب کے لحاظ سے کمزور لشکرِ اسلام سے اس قدر خوف کھائے بیٹھے ہیں کہ خودکشیاں کرنے لگے ہیں۔

یہاں غور طلب بات یہ ہے کہ جو کام امریکہ و اتحادی افواج نہ کرسکیں وہ کام افغان فوج کیسے کرے گی؟؟؟ ایک رپورٹ کے مطابق افغان فوج کے پاس اسلحے کی ۴۰ فی صد کمی ہے اور حال یہ ہے کہ جو اسلحہ افغان فوج کو ملتا ہے کچھ عرصے بعد وہ مارکیٹ میں آجاتا ہے۔یا طالبان ان سے چھین لیتے ہیں یا وہ خود ہی بازار میں اونے پونے داموں بیچ دیتے ہیں، جسے طالبان خرید لیتے ہیں۔اس افغان فوج کا وہی حشر ہوگا جو ہمیشہ سے غداروں کا ہوتا آیا ہے۔ان شاء اللہ

قصہ مختصر افغانستان میں امریکی شکست یقینی ہے اور افغانستان جو ہمیشہ سے باہر کی اقوام کا قبرستان رہا ہے، تاریخ کو دھراتے ہوئے اب ''امریکی قبرستان'' بن چکا ہے۔

جدید ذرائع ابلاغ، کفر کے مددگار

مولانا کاشف علی

عصر حاضر کے جمہوری اور ریاستی نظام میں ذرائع ابلاغ کسی بھی قوم کے ذہنی سانچے کی تشکیل میں بُنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ نشر واشاعت کے تمام ادارے ایک مکمل نظامِ فکر مرتب کرتے ہیں جس کی بنا پر اس قوم کی پہچان بنتی ہے۔ یہ ادارے ریاستی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے حالات کو ''ساز گار'' بنانے میں پوری طرح بطور ایک فریق کے شامل ہوتے ہیں۔ یعنی حکمراں طبقے کے مکمل اختیار میں ہوتے ہیں اور بسا اوقات اُن قوتوں کی چاکری میں مصروف ہوتے ہیں جو اس قوم کے حکمرانوں کو غلاموں کی طرح استعمال کرتے ہیں۔ ایسا کہنا صرف دعویٰ نہیں بلکہ حقیقت ہے۔ اسلام بیزار اور جہاد دشمن عبداللہ حیران لکھتا ہے: ''مقامی میڈیا کا اپنا کوئی راستہ نہیں ہے بلکہ یہ اُسی پر چلتا ہے جو مغربی میڈیا کا ہے۔'' (www.groundpoint.com)

اگر ہم پاکستانی ذرائع ابلاغ کا باریک بینی کے ساتھ جائزہ لیں تو ان کے مالکان کی نظریاتی وابستگیاں، ان اداروں میں کام کرنے والے افراد کے قائم کیے گئے کھرے اور کھوٹے کی معیارات اور زبان وقلم کی توانائیوں کے استعمال کا مرکز ومحور بھی بغیر کسی دلیل کے سب کچھ واضح کر دیتا ہے۔ پاکستانی ذرائع ابلاغ (سرکاری ہوں یا غیر سرکاری) کے روز وشب کی کاوشوں اور دلچسپیوں کو دیکھا جائے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ چہرے اور نام تو پاکستانی اور مسلمانوں جیسے ہیں لیکن پسِ منظر میں جو فکر کارفرما ہے اس کا منبع اہلِ کفر کی عقل ودانش ہے۔

یہود ونصاریٰ پر مشتمل عالمی صلیبی اتحاد نے جہاں جدید صلیبی جنگوں کے دائرے کو وسیع کرتے ہوئے عالمِ اسلام پر مسلط حکومتوں کو اس آگ میں جھونک دیا ہے وہاں ریاستِ جدید کے دیگر ستون بھی اس فیصلہ کن جنگ میں اپنا اپنا حصہ ڈالنے کے لیے نمایاں طور پر سامنے آرہے ہیں۔ عسکری اور حربی جارحیت کے پہلو بہ پہلو حالات و واقعات اور عالمی منظر نامے کو اپنے اپنے انداز کے مطابق دیکھنے دکھانے کے لیے دل و دماغ کو دھوکہ دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے اور یہ کام جدید میڈیا ہی سرانجام دے رہا ہے جس میں عالمی صلیبی اہداف ومقاصد کے تحت مصنوعی اور سطحی انداز میں حوادث و واقعات سے ڈرانے اور دنیا کو دکھانے کا فریضہ ادا کیا جارہا ہے۔ گویا رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی نے جو کردار عہدِ رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں ادا کیا تھا وہی کردار آج کے جدید ذرائع ابلاغ ادا کررہے ہیں اور جدید صلیبی جنگوں کے اس جاری سلسلے میں اپنی تمام تر توانائیاں عالمِ کفر کی نصرت و حمایت کے لیے لگارہے ہیں۔

اس تناظر میں دین بیزار دانش وراور غلبہ اسلام کے نام نہاد علم بردار اپنا سارا زور انہی فاسد ذرائع سے دین کے ایک ایسے تصور کو پیش کرنے میں لگارہے ہیں جو عالمِ کفر کے لیے قابلِ قبول اور پسندیدہ ہو۔ حالانکہ ان جدید ذرائع ابلاغ کی حیثیت تو مواصلاتی قحبہ خانوں اور فواحش کے اڈوں کی سی ہے۔ لہٰذا ان سے خیر اور دعوتِ دین کی تقویت کا کیا سامان ہوسکتا ہے؟ ان سے خیر کی سربلندی کی کاوش تو کجا خیر کی پسندیدگی کی امید رکھنا ہی عبث اور فضول ہے۔

ان جدید ذرائع ابلاغ کے اہداف ومقاصد کے حوالے سے یہودیوں کے پروٹوکول کے بارہویں باب میں یہ واضح طور پر لکھا ہوا ہے: ''ہماری منظوری کے بغیر کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ خبر کسی معاشرے تک نہیں پہنچ سکتی۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہم یہودیوں کے لیے ضروری ہے کہ خبر رساں ایجنسیاں قائم کریں جن کا بنیادی کام ساری دنیا کے گوشے گوشے سے خبروں کا جمع کرنا ہو۔ اس صورت میں ہم اس بات کی ضمانت حاصل کرسکتے ہیں کہ ہماری مرضی اور اجازت کے بغیر کوئی خبر شائع نہیں ہوسکے گی۔''

اس حوالے سے عالمی سطح پر قائم کیے گئے اداروں، چینلوں، خبر رساں ایجنسیوں کی اسلام دشمنی تو ایک طرف، پاکستان کے ذرائع ابلاغ بھی اخلاقی گراوٹ، ارتداداور دینِ اسلام کے حوالے سے شکوک وشبہات پھیلا رہے ہیں اور پہلو بہ پہلو اعداءِ دین کا رعب امتِ مسلمہ کی نسلِ نو کے ذہنوں میں بٹھانے کا فریضہ اپنے آقاؤں کے حکم پر سرانجام دیتے ہوئے اسلامی معاشرت کی بنیادوں کو تہس نہس کرنے میں مصروف ہیں۔ یہ سب بلاوجہ اور بلاسبب نہیں بلکہ مغربی معاشروں کی طرز پر اخلاق اور اقدار استوار کرنے اور اباحیت پھیلانے کے منصوبے کا ایک حصہ ہے جس کے تانے بانے بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کے وسیع سلسلے سے جا کر ملتے ہیں۔

آج کے ان جدید ذرائع ابلاغ پر نبی مہربان صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمانِ مبارک سوفی صد منطبق ہورہا ہے: ''ایک وقت آئے گا کہ سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا کہا جائے گا، امین کو خائن اور خائن کو امین کہا جائے گا اور 'رویبضہ' گفتگو کریں گے۔'' پوچھا گیا: ''رویبضہ کون ہیں؟'' فرمایا: ''امورِ عامہ میں گفتگو کرنے والے سطحی ذہن کے لوگ''۔

لہٰذا سیاسیات، سماجیات اور دینیات پر گفتگو فرمانے والے میزبان (Ancher Persons) اور کالم نگار، مبصر اور تجزیہ نگار سارے اسی قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں۔ (الاّ مارحم اللہ)

جو میڈیا اپنی ''آزادی'' کو اپنے زورِ بازو کا انعام قرار دیتے ہوئے حکمرانوں کے خلاف ایک سے ایک محاذ کھولنے کا مدعی ہے وہی میڈیا اصلی محاذ پر عین فیصلے کی گھڑی میں مقتدر قوتوں کے آگے سجدہ ریز ہو جاتا ہے۔

پاکستانی میڈیا اور خصوصاً وہ میڈیا جو ترقی، روشن خیالی اور آزادی کے نام پر امریکی تحفظ میں اسلام دشمن مغربی روایات واقدار کو پاکستان پر مسلط کرنے کی ایک پوری تاریخ رکھتا ہے، وہ میڈیا اپنے وسائل اور حجم کی بنیاد پر تمام میڈیا کو اپنی نقالی پر مجبور کر چکا ہے۔ یہ میڈیا چاہے تو جہاد کو 'فساد' اور امریکی عزائم کے مزاحم طالبان کو 'وحشی' قرار دے کر ۳۰ لاکھ پاکستانیوں کو خود ان کے اپنے مُلک میں دربدر کر سکتا ہے۔

جس ٹی وی، ریڈیو اور اخبار کا بجٹ کاروباری اور سرکاری اشتہاروں کے بغیر خسارے میں چلا جائے۔ جس میڈیا کا کاروبار، جس کے زبان دراز قلم کاروں اور پیشہ کاروں کا کُل سرمایہ شخصی اور سیاسی مسخرہ بازی ہو، اس میڈیا کا مقابلہ جب صدر، وزیرِاعظم اور وزیروں کی ظفر موج کی بجائے ریاست کے اصل حکمرانوں سے پڑتا ہے تو خودمختاری اور آزادی کے تمام دعوے امریکی لونڈے جنرل کیانی کی ایک ملاقات میں سمندر کی جھاگ کی مانند بیٹھ جاتے ہیں۔ پھر اسی میڈیا کے ذریعے امریکی جنگ کے پاکستانی محاذ پر امریکی جنگ کی پاکستانی فوج پر قصیدے کہے جاتے ہیں۔ امریکی جنگ کے خلاف مزاحمت وعزیمت کے خلاف مغلظات بکے جاتے ہیں۔ میڈیا میں دائیں بازو کی تمیز رہتی ہے نہ بائیں بازو کی۔ پینٹا گون کے پھیروں اور مائیک مولن کے جلی اور خفی دوروں کی خبر لینے اور دینے کی بجائے طالبان کے اٹھتے ''اندھیروں'' کے مقابل فوج گردی کے ''سویروں'' سے تحریر وتقریر کو سجایا جاتا ہے۔ پھر ناچیوں اور سیٹھیوں جیسے لبرل اور دین بیزار، مادر پدر آزاد صحافیوں کی دلیلوں اور لفاظیوں کو چبایا جاتا ہے۔

وہ جنگ جو بش کی اعلانیہ جنگ تھی۔ جو شیطان بمقابل رحمان، کفر بمقابل اسلام، امریکہ بمقابل عالمِ اسلام کی جنگ تھی۔ وہ جنگ جس میں مقابل فریقوں کے بارے میں کسی مسلمان، کسی انسان کو کوئی شک وشبہ نہ تھا۔ وہ جنگ جس کی منصوبہ بندی راز تھی نہ صف بندی، وہی جنگ پاکستانی میڈیا کی جنرل کیانی کی ایک ملاقات کے نتیجے میں کفرِ اعظم امریکہ کی بجائے پاکستان اور طالبان کی جنگ بن جاتی ہے۔ اب وہی کالم نگار اور پیش کار (Ancher Persons) افغانی طالبان کے بارے میں مغربی اور کفری میڈیا کے بیہودہ اور فرسودہ ڈراموں کو حق الیقین کا درجہ دیتے ہوئے پاکستانی طالبان کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے ''جہاد'' میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ پیٹ کے غلام ان پیش کاروں (Ancher Persons) کے پروگرامات کا بغور جائزہ لیا جائے تو ان کے نظریاتی اور قلبی جھکاؤ اور دلچسپیاں یہ واضح کرتی ہیں کہ انہوں نے اس عربی کہاوت (خذ ما صفاء و دع ما کدر) کو بدل کر ''خذ ما کدر و دع ما صفا'' یعنی جو اچھا اور صاف ہے وہ چھوڑ دو اور خراب لے لو کر دیا ہے۔ یہ ذرائع ابلاغ اپنے کافر اور اسلام دشمن آقاؤں کی خدمت میں دن رات جُتے ہوئے ہیں۔

بش کی طرف سے اسلام کے خلاف اعلانیہ نئی صلیبی جنگ کے آغاز اور آج متفرق النسل اوباما کے حرمین مقدس پر حملے کے اعلان کے بعد وہی امریکہ ہے اور وہی عالمِ اسلام، وہی عالمی جنگ ہے اور وہی اس کی علاقائی فوجیں، وہی جنگ کے میدان، افغانستان اور پاکستان اور وہی پنٹاگون۔ وہی پاکستانی جرنیل اور جرنیلوں کے زیرِ کمان جان لینے والے اور مردار ہونے والے فوجی جوان۔ کچھ بھی تو نہیں بدلا۔ اگر بدلے ہیں تو محض چند چہرے۔

یہاں سوال صرف یہ ہے کہ کیا پرویزی تکبر کی بجائے 'کیانوی' انکسار اور فوجی بوٹ کی بجائے زرداری کی سینہ زوری سے امریکی سلامتی کی جنگ پاکستانی سلامتی کی جنگ میں ڈھل سکتی ہے؟ امریکی میڈیا جیسے ہاتھی کے برعکس پاکستانی میڈیا جیسی چوہیا طالبان جیسی حقیقت کو نگل سکتی ہے؟ اور یقیناً جواب یہی ہے کہ نہیں اور بالکل نہیں۔

امریکہ اور اس کے حواریوں کی اس صلیبی جنگ میں ایک جانب اللہ کی مدد ونصرت سے مجاہدین اسلام کی مزاحمت اور عزیمت کی داستانیں ہیں اور دوسری جانب مصر کے حسنی مکروہ، سعودیہ کے عبداللہ بن عبدالانجلیز، افغانستان میں کابل کی ایک کالونی کے مئیر کرزئی اور پاکستان میں امریکی ہڈیوں پہ پلنے والے 'سگِ کفر' زرداری کی شکست وریخت کی علامتیں۔ عالمِ اسلام پر مسلط اس صلیبی جنگ میں ایک طرف مجاہدین اور ان کے ساتھی ہیں اور دوسری سمت کفر اور اس کے کاسہ لیس نام نہاد کلمہ گو...... تاریخ ایک بار پھر اپنے آپ کو دہرا رہی ہے...... ناموں اور چہروں کی تبدیلی کے ساتھ ایک سمت پیغمبر انقلاب محمد مصطفیٰ ﷺ کا قافلہ سخت جاں ہے جو اپنی منزلوں کو چھو رہا ہے اور دوسری جانب کفر اور اس کے محافظ مرتد ومنافقین کا ٹڈی دل لشکر جس کے لیے ہر گزرتا دن شکست وہزیمت کے آثار لیے طلوع ہوتا ہے۔

نہ ستیزہ گاہ جہاں نئی، نہ حریف پنجۂ فگن نئے
وہی فطرتِ اسد اللہی، وہی مرحبی، وہی عنتری

اسی لیے اے مسلمانانِ پاکستان چیزوں کو اُن کی اصل حقیقت میں دیکھنے کی نبویؐ دعا سے اپنی زبانوں کو تر رکھیے اور ذرائع ابلاغ کے اس مکروہ کردار کو پہچانیے اور اُن (میڈیا) کے خبثِ باطن سے خبردار رہیں اور مجاہدین کی قولی، فعلی اور مالی نصرت کے لیے اپنے ذہنوں کو یکسو رکھیے۔

یہ نفرت کیوں؟؟؟

اوریامقبول جان

اس بچی کا سوال لرزا دینے والا تھا، میں سر سے پاؤں تک کانپ گیا۔ یہ آج صبح کی بات تھی، پنجاب یونی ورسٹی کے شعبہ ابلاغیات کے ہال میں آج کی مایوسی، گھٹن، ناامیدی اور خوف کے عالم میں مجھے ملک کے موجودہ حالات پر گفتگو کرنے کے لیے بُلایا گیا تھا۔ میں گفتگو ختم کر کے سوالات کے جواب دینے کے لیے رُکا تو آخری دروازے تک بھرے کچھا کھچ ہال کے ایک کونے سے ایک نحیف ونزار لیکن جواں ہمت بچی نے ہاتھ اُٹھا کر سوال کرنا شروع کر دیا، اُس نے عجیب بے چینی اور اضطراب میں بولنا شروع کیا۔ اس نے کہا: ''سر میں ابھی دو دن پہلے مردان میں ہجرت زدہ کیمپوں سے ہو کر آئی ہوں۔ میں ایک مہاجر کیمپ میں گئی، وہاں ایک بچی میرے پاس آئی اور سوال کرنے لگی: کیا تم پنجابی ہو؟ میں نے ہاں میں جواب دیا تو وہ وہاں سے بھاگ گئی اور پھر اپنے ساتھ چند اور بچیوں کو لے آئی جو اپنے ننھے ننھے ہاتھوں سے پتھر اور کنکریاں اُٹھا کر مجھے مارنے لگیں۔ میں وہاں سے بھاگنے لگی تو انہوں نے زور سے کہا: ہم تمہارے گھر آ کر تمہیں ماریں گے!!!'' اتنا کہنے کے بعد بعد بچی نے مجھ سے سوال کیا: ''ایسا ہمارے ساتھ کیوں ہوتا ہے؟ ہم تو اُن کی مدد کے لیے گئے تھے! گالی ہمیں کیوں پڑتی ہے؟''

یہ وہ سوال ہے جو گزشتہ ساٹھ سالوں سے اس سرزمین پر دھرایا جا رہا ہے۔ جب کبھی یہ مُلک کسی خطرناک بحران کا شکار ہوتا ہے، سیاسی افرا تفری ہو، حقوق کی جنگ ہو یا حکومت کی ''رٹ'' قائم کرنے کے لیے آرمی ایکشن ہو، لوگوں کی مغلظات کا رخ پنجاب کی طرف کیوں مُڑ جاتا ہے؟ جس کسی نے گیارہ ستمبر میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر پر حملے کے بعد امریکہ کے گلی کوچوں میں عام لوگوں سے مُلاقات کی ہو تو اُسے وہاں کے رہنے والے گوروں، کالوں، یہاں تک کہ وہاں آباد دیگر نسلوں کے لوگ ایک ہی سوال کرتے ملے ہوں گے: ''ہمارے ساتھ ایسا کیوں ہوا؟ دنیا بھر کے لوگ ہم سے نفرت کرتے ہیں، ہم تو پوری دنیا کے غریبوں کی مدد کرتے ہیں! ہمارا صرف ایک بل گیٹس دنیا بھر میں ایڈز کے مریضوں کے لیے اربوں ڈالر دیتا ہے۔ ہم اپنی گندم اور دیگر اجناس مفت غریب ممالک میں تقسیم کرتے ہیں۔ پوری دنیا سے کوئی بھی یہاں آ جائے ہم نے کبھی سوال تک نہیں کیا۔ کون ہو، کہاں سے آئے ہو، تمہارا یہاں کیا کام ہے؟؟؟ ہر سال دس لاکھ کے قریب لوگ ہمارے ہاں آ کر آباد ہوتے ہیں، قسمت آزمائی کرتے ہیں اور پھر یہاں کے ہو کر رہ جاتے ہیں۔ لیکن جہاں جاؤ، جس ملک کے اخبار کو کھولو، وہاں کے عوام سے ملو، گالی ہمیں پڑتی ہے۔ ہم نے کسی کا کیا بگاڑا ہے؟ سارا غصہ ہمارے اوپر کیوں نکلتا ہے؟''

ایسے میں ہی میں ایک امریکی کے ساتھ الجھ پڑا۔ میں نے سوال کیا: ''جب ویت نام میں لوگوں کو قتل کرنے، ان کے گھر اُجاڑنے، اُن پر نیپام بموں کی بارش کرنے تمہارے سپاہی جا رہے تھے تو تم کیا کر رہے تھے؟'' کہنے لگا: ''میں بچہ تھا اور ان بھرتی مراکز کے باہر کھڑا ہو کر اپنے چاک و چوبند سپاہیوں کو دیکھا کرتا تھا، مجھے اُن کی وردی بہت پسند تھی۔ بوسٹن میں وہ ہمارے سکول کے سامنے گراؤنڈ میں پریڈ کرتے تو میں ہاتھ میں چھوٹا سا جھنڈا پکڑے لہراتا تھا۔'' میں نے پوچھا: ''تمہیں علم تھا وہ کہاں جا رہے ہیں۔'' بولا: ''ہاں'' میں نے کہا: ''تمہیں علم تھا وہاں بے گناہ لوگ مر رہے ہیں؟'' کہنے لگا: ''لیکن یہ سب تو امریکہ کی ''عظمت'' کے لیے تھا! ایک گریٹ ملک کے لیے اور اسی میں ہماری عظمت ہے۔'' میں نے سوال کیا کہ ''تم نے واشنگٹن میں ساٹھ ہزار امریکی فوجیوں کے نام لکھ کر ایک یادگار دیوار بنائی ہے جو ویت نام میں مارے گئے تھے، تم اس دیوار کے پاس گئے ہو؟'' کہنے لگا ''ہاں! اور میں نے وہاں خاموشی اختیار کر کے ان مرنے والوں کا احترام بھی کیا ہے۔'' میں نے پوچھا: ''کیا ویت نام میں مرنے والے تیس لاکھ لوگ بے گناہ تھے؟'' بولا: ''ہاں!'' میں نے کہا ''کیا تم نے ان بے گناہوں کے نام پر ایک چھوٹی سی یادگار بھی بنائی؟؟؟'' وہ خاموش ہو گیا۔ میں نے پوچھا: ''تمہاری فوج چلی میں، ہنڈرس میں، نکاراگوا میں، میکسیکو میں اور ایسے بہت سے ممالک میں کیا کرتی رہی ہے؟'' کہنے لگا: ''تھوڑا بہت علم ہے کہ وہ وہاں کمیونسٹ درندوں کو حکومت بنانے سے روکتی رہی ہے۔'' میں نے کہا: ''یہ فوج لاکھوں لوگوں کو تشدد کر کے مارتی رہی ہے، ہزاروں لوگوں کو وہاں سے غائب کرتی رہی ہے، وہاں کے غیر نمائندہ آمروں کو لوگوں پر ظلم کرنے کی ٹریننگ دیتی رہی ہے!'' وہ ایک دم غصے میں آ گیا اور بولا ''ہوتا ہوگا! اس میں میرا کیا قصور

یہی وہ رویہ ہے کہ امریکہ اگر ساری دنیا کو ڈالروں سے نہلا بھی دے لوگ اسے گالی دینے سے باز نہیں آتے اور امریکی عوام کی یہی وہ خاموشی ہے، اپنے مرنے والوں سے عقیدت ہے جو انہیں امریکی حکومت کی بدمعاشیوں اور امریکی فوج کے مظالم میں حصہ دار بناتی ہے۔

ہے؟ ہم نے لاکھوں ڈالر ان ممالک میں امداد بھجوائی ہے، وہاں سے لوگ ہجرت کر کے یہاں آباد ہوئے ہیں۔'' میں نے پوچھا: ''اگر کوئی تمہارے جوان بیٹے کو قتل کر کے شام کو بہترین کھانا تمہارے گھر بھجوائے تو کیا تم وہ کھانا کھاؤ گے؟''

''لیکن میں نے تو قتل نہیں کیا!''

میں نے کہا: ''تم نے قتل نہیں کیا لیکن یہ بتاؤ جن لوگوں نے یہ سب کچھ کیا وہ تمہارے ہیرو ہیں؟'' کہنے لگا: ''ہاں''۔ ''جو بے گناہ قتل ہوئے کیا صرف انسانیت کے نام پر تم سرِ عام اُن لوگوں کو ملامت کر سکتے ہو؟''

اس نے میرا یہ جواب دینا مناسب نہ سمجھا اور ایک طرف کو رخصت ہوگیا۔ حالانکہ میں یہ بتانا چاہتا تھا کہ تمہارے اپنے امریکہ میں چار سو سے زیادہ دہشت گرد گروہ ہیں، کیا ان کی وجہ سے ان علاقوں پر تمہاری فوجوں نے جہازوں اور ٹینکوں سمیت چڑھائی کی؟ جب اکلو ہاماسٹی کی عمارت دھماکے سے تمہارے اپنے گورے امریکیوں نے تباہ کی تھی اور چار سو سے زائد لوگ وہاں مر گئے تھے تو کیا اکلو ہاماسٹی کو گھیرا گیا؟؟؟ چاروں جانب سے بم برسائے گئے؟ حکومت کی رٹ قائم کرنے کے لیے اس شہر کو کھنڈر بنایا گیا؟ یہی وہ رویہ ہے کہ امریکہ اگر ساری دنیا کو ڈالروں سے نہلا بھی دے لوگ اسے گالی دینے سے باز نہیں آتے اور امریکی عوام کی یہی وہ خاموشی ہے، اپنے مرنے والوں سے عقیدت ہے جو انہیں امریکی حکومت کی بدمعاشیوں اور امریکی فوج کے مظالم میں حصہ دار بناتی ہے۔

میں نے کہا: ''یہ فوج لاکھوں لوگوں کو تشدد کر کے مارتی رہی ہے، ہزاروں لوگوں کو وہاں سے غائب کرتی رہی ہے، وہاں کے غیر نمائندہ آمروں کو لوگوں پر ظلم کرنے کی ٹریننگ دیتی رہی ہے!'' وہ ایک دم غصے میں آ گیا اور بولا ''ہوتا ہوگا! اس میں میرا کیا قصور ہے؟

میں اس بچی کو کیا جواب دیتا؟ ہم تو وہ بدنصیب لوگ ہیں جنہوں نے جنرل نیازی کا لاہور کے ہوائی اڈے پر ہاروں سے استقبال کیا تھا اور اس کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے پورا میانوالی اُمڈ آیا تھا۔ اسے اپنے گاؤں تک استقبالی جلوس میں لے جایا گیا تھا۔ ہم نے کئی سالوں کے بعد اس بات کا احساس کیا کہ ہم غلط تھے۔ جب بلوچستان میں کوہلو کے لوگ مجھ سے پنجابی ہونے کے ناطے یہ سوال کرتے تھے کہ 'مشرف پر راولپنڈی میں دو قاتلانہ حملے ہوتے ہیں جن میں وہ بال بال بچتا ہے اور مری علاقے میں ایک راکٹ فائر ہوتا ہے، دونوں جرائم میں کیا فرق ہے؟ کیا راولپنڈی اسی طرح کے آپریشن کا مستحق نہیں تھا؟ کیا وہاں ہیلی کاپٹر اور ٹینک نہیں جاسکتے تھے؟' تو میرے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ بونیر سے ایک شخص نے مجھے فون کیا، وہ اس وقت اپنے خاندان کے ساتھ اپنا بچا کھچا سامان لے کر ایک کھلی پک اپ میں مردان جا رہا تھا، کہنے لگا ''آپ کالم لکھتے ہو، لاہور میں رہتے ہو، کیا لاہور شہر کو چاروں جانب سے گھیر لیا جائے گا؟ اعلان کیا جائے گا کہ جو کچھ اُٹھا سکتے ہو اُٹھاؤ اور نکلو؟ آپ اپنے خاندان والوں کو کھلی پک اپ میں لادتے اور گولوں کی گھن گرج میں وہاں سے نکلتے تو آپ کیسا کالم لکھتے؟'' میں نے کہا: ''میرے آنسو، میری بے بسی، میری حسرت مجھے کچھ لکھنے ہی نہ دیتی۔''

لیکن میرے ملک کے بہت سے ایسے ''دانش ور'' ہیں، میڈیا کے عظیم سپوت ہیں جو شور مچاتے ہیں کہ اب اگر کچھ نہ کیا گیا تو اسلام آباد گیا! یہ ملک گیا! یہ حکومت گئی! اس کی رِٹ چلی گئی!

جولائی 2007 میں جامعہ حفصہ کے طلبا ایک خاتون کو مساج پارلر سے اُٹھا کر لائے تھے تو یہ یوں چیخ رہے تھے جیسے یہ تین ہزار لوگ ایوانِ صدر پر قبضہ کر لیں گے۔ اور پھر دنیا کی تاریخ کا یہ واحد تماشا تھا کہ ایک عورت کو چند گھنٹوں کے لیے اغوا اور چندسی ڈیز جلانے کی سزا ایک ہزار سے زائد عورتوں اور بچوں کی شہادت تھی۔ یہی لوگ بعد میں آنسو بہاتے ٹیلی ویژن کی سکرین پر جلوہ گر تھے کہ بہت ظلم ہوگیا۔ روس کے شہر باسلان میں جب 1300 بچوں کو چیچن ''باغیوں'' نے حبسِ بے جا میں رکھا تو ایک صحافی ''رس شہاروف'' تھا جو 'اوستا' اخبار کا ایڈیٹر تھا، وہ روز لکھتا تھا کہ حکومت کو سخت ایکشن لینا چاہیے، یہ شر پسند ہیں، حکومت کی رٹ قائم کرو! تباہ کر دو! اور پھر ایکشن کے دل دادہ کمانڈروں نے جب 1200 بچوں کی جان کے عوض ''رِٹ'' قائم کی تو روس میں طوفان کھڑا ہوگیا۔ قومیں زندہ ہوں تو بے گناہ مرنے والوں کا حساب لیتی ہیں۔ وہ مظلوموں کے خون پر رِٹ قائم کرنے کی اجازت نہیں دیتیں۔ وزیرِ داخلہ 'کارزیک رین تو' سے استعفیٰ لیا گیا، خفیہ ایجنسی کے سربراہ 'لادی اینڈریو' کو برخاست کر دیا گیا اور ایکشن کے دل دادہ صحافی 'شہاروف' کو نوکری سے نکال دیا گیا اور تمام صحافیوں نے یہ عہد کیا کہ اُسے کسی اخبار میں نہیں لکھنے دیا جائے گا۔ کیا ایسی فردِ جرم کسی قلم کار پر اِس ملک میں بھی لگ سکے گی؟؟؟ کیا ہم بے گناہ مرنے والوں کے لیے بھی موم بتیاں روشن کر سکیں گے؟ صرف لاہور میں مرنے والوں کے لیے نہیں بلکہ سوات، کوہلو، کاہان اور وزیرستان میں مرنے والوں کے لیے بھی؟؟ اگر ایسا ہو گیا تو پھر پنجاب آٹے کی بوریاں بھیجے یا نہ بھیجے اسے گالی نہیں پڑے گی!!!

۱۹۹۶ء میں طالبان کے احکامات

نوائے افغان جہاد ایک نئے سلسلے کا آغاز کر رہا ہے جس میں امارتِ اسلامیہ افغانستان میں طالبان کی شرعی حکومت کے کارناموں کا ذکر ہوگا۔

فَسَوْفَ يَاتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَ يَحِبُّوْنَهُ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآ ئِمٍO

''اللہ تعالیٰ ایک قوم کو کھڑا کرے گا جن کو وہ اپنا محبوب بنائے گا اور وہ بھی اس کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہوں گے، ایمان والوں کے سامنے تواضع اختیار کرنے والے اور کافروں کے مقابلے میں سختی سے ڈٹ جانے والے ہوں گے، اللہ کے راستے میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔''

روکھی سوکھی کھانا، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا، چٹانوں میں بیٹھ کر قرآن و حدیث کی تعلیم حاصل کرنا اور اپنے حریفوں اور اسلام دشمنوں کے دانت کھٹے کرنا.....

انہی مشاغل میں طالبان گم تھے اور انہی مشاغل کا فیضان تھا، جس نے دنیا کی تمام آسائشوں اور لذتوں کو ان کے لیے ہیچ اور نا قابلِ توجہ بنا دیا......ایک طرف سربکف مجاہدین جن کے پاس قادرِ مطلق پر بھروسے اور بے سروسامان ارادوں کے سوا کچھ نہیں اور دوسری طرف دنیا کی سب سے بڑی طاغوتی قوت امریکہ، جو طاقت کے نشے میں چور ہوکر طالبان پر دن رات بمباری کرتا رہا اور دنیا دم بخود ہوکر آج پھر ''آگ ہے، اولادِ ابراہیمؑ ہے، نمرود ہے'' کا منظر دیکھتی رہی۔

'امارتِ اسلامیہ افغانستان' کا نام ہی افغانستان میں شریعت کی حکومت کا اعلان تھا۔ مجاہدین کی حکومت نے شریعتِ اسلامیہ کے نفاذ کے لیے ۱۹۹۶ء میں جو احکامات جاری کیے ان میں اہم احکامات درج ذیل ہیں۔

خواتین کے بارے میں احکامات:

طالبان مجاہدین نے نومبر ۱۹۹۶ء میں خواتین کے لیے یہ فرمان جاری کیا:

''معزز خواتین اسلام! اپنے گھروں سے باہر نہ نکلو! اگر نکلنا پڑے تو اُن عورتوں کی طرح نہ نکلو جو اسلام کی تعلیمات کے منافی فیشن والے لباس پہنتی ہیں، سُرخی پاؤڈر لگاتی ہیں اور مَردوں کے سامنے بے حجاب آتی ہیں۔

اسلام نے خواتین کو خصوصی وقار دیتے ہوئے بہترین ہدایات دی ہیں۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ لوگوں کی توجہ کا مرکز نہ بنیں۔ وہ اپنے خاندان کے لیے اُستاد کا درجہ رکھتی ہیں، انہیں افرادِ خاندان میں ربط و ضبط قائم رکھنے کی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے..........خاوند، بھائی اور باپ خاندان کو ضروریاتِ زندگی فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ عورتوں کو تعلیمی اور معاشرتی ضروریات کے لیے گھروں سے نکلنا پڑے تو شریعت کے مطابق اپنے آپ کو ڈھانپ کر رکھیں۔ جو عورتیں زیورات سے آراستہ ہوکر، تنگ اور خوبصورت کپڑے پہن کر نمائش کرتی ہیں، ان پر اسلامی شریعت کی رو سے لعنت ہے۔

خاندان کے تمام بڑوں اور ہر مسلمان پر اس ضمن میں ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ہماری تمام بزرگوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنے خاندان پر کنٹرول رکھیں اور معاشرتی مسائل اور مُشکلات سے بچیں۔ خلافِ شریعت رویوں کی حامل خواتین کو دھمکایا جائے گا، ان سے باز پرس ہوگی اور ان کے خاندان کے بزرگوں کو مذہبی پولیس کی طرف سے سخت سزا دی جائے گی۔ پولیس برائے انسدادِ مُنکرات کی ذمہ داری ہے کہ وہ غلط معاشرتی رویوں اور برائیوں کا انسداد کرے۔''

محکمہ صحت کے لیے احکامات:

امیر المومنین مُلّا محمد عمر نصرہ اللہ نے ۱۹۹۶ء میں محکمہ صحت کو ہسپتالوں اور نجی کلینکوں کے سلسلے میں خواتین کے لیے یہ ہدایات جاری کیں:

''۱۔عورتیں علاج کے لیے خواتین ڈاکٹروں کے پاس جائیں، مرد ڈاکٹر کی ضرورت پڑ جائے تو بیمار خاتون اپنے محرم کے ساتھ مرد ڈاکٹر سے رجوع کر سکتی ہے۔

۲۔طبی معائنے کے دوران میں مریض خواتین اور معالج دونوں کو شرعی حجاب التزام سے ملحوظ رکھنا ہوگا۔

۳۔بیمار خواتین کی انتظار گاہیں باپردہ بنائی جائیں۔

۴۔ہسپتال کے جن وارڈوں میں بیمار خواتین ہوں وہاں کوئی مرد ڈاکٹر، مریض خواتین کے بُلائے بغیر نہ جائے۔

۵۔مرد اور خواتین ڈاکٹروں کو آپس میں مِل بیٹھنے اور باہم گپ شپ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ کسی طبی مسئلے پر تبادلہ خیال ضروری ہو تو خواتین ڈاکٹر آدابِ حجاب ملحوظ رکھ کر مرد ڈاکٹروں سے بات چیت کر سکتی ہیں۔

۶۔خواتین ڈاکٹر سادہ لباس پہنیں، فیشن ایبل لباس، سُرخی پاؤڈر اور زیبائش و نمائش کی ہرگز اجازت نہیں۔

۷۔خاتون ڈاکٹر اور نرسوں کو مرد مریضوں کے وارڈ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں۔

۸۔ہسپتالوں کا عملہ مقررہ اوقات پر مساجد میں نماز پڑھنے کا پابند ہوگا۔

۹۔مذہبی پولیس کسی بھی وقت ہسپتالوں کا معائنہ کر سکتی ہے، ان احکام کے خلاف ورزی کرنے والے کو اسلامی قوانین کے مطابق سزا دی جائے گی۔''

دسمبر ۱۹۹۶ء کے احکامات:

طالبان حکومت نے دسمبر ۹۶ء میں یہ احکام جاری کیے:

''۱۔عورتوں کی سرکشی اور بے حجابی روکی جائے، کوئی ڈرائیور کسی ایسی عورت کو گاڑی میں سوار نہ کرے جس نے ایرانی طرز کا برقع پہن رکھا ہو۔خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیور کو سزا ملے گی۔

۲۔بے حجاب یا سرکش عورتیں گلی کوچوں میں نظر آئیں گی تو اُن کے خاوندوں کو سزا دی جائے گی۔

۳۔موسیقی کی ممانعت ہے، دکانوں، ہوٹلوں، موٹر گاڑیوں اور رکشوں میں کیسٹ بجانا ممنوع ہے۔ پانچ دن تک جائزہ لیا جائے گا، اس کے بعد کسی دکان یا ہوٹل سے کیسٹ نکلا تو ہوٹل اور دکان بند اور دکاندار کو قید کر دیا جائے گا، پانچ افراد کی ضمانت پر رہا کیا جائے گا۔ کسی گاڑی سے کیسٹ نکلا تو ڈرائیور کو جیل بھیج دیا جائے گا اور پانچ افراد کی ضمانت پر رہا ہوگا۔

۴۔داڑھی مونڈنے کی ممانعت ہے، اگر کسی نے داڑھی مونڈی تو اُسے اس وقت تک قید رکھا جائے گا جب تک اس کی داڑھی بڑھ نہیں جاتی۔

۵۔تاش کھیلنے اور کبوتر بازی کی ممانعت ہے، دس دن کے اندر اندر یہ مشغلہ ختم کرنا پڑے گا۔

۶۔پتنگ اُڑانے کی ممانعت ہے، پتنگوں کی تمام دُکانیں ختم کر دی جائیں گی۔خلاف ورزی کرنے والوں کو سخت سزا ملے گی۔

۷۔بُت پرستی کی ممانعت ہے۔موٹر گاڑیوں، دکانوں، ہوٹلوں، کمروں اور دیگر مقامات سے تمام تصویریں اور پورٹریٹ ختم کردیے جائیں۔ سرکاری عملہ جہاں جہاں تصویریں دیکھے، پھاڑ دے۔

۸۔قمار خانے بند کردے جائیں، جوا کھیلنے والوں کو ایک مہینے تک قید کر دیا جائے گا۔

۹۔نشہ بازوں کو قید کر دیا جائے گا، منشیات فروخت کرنے والی دکانیں ختم کر دی جائیں گی اور دکانداروں کو قید کر دیا جائے گا۔

۱۰۔برطانوی اور امریکی طرز کے بال ترشوانے کی ممانعت ہے، جو لوگ لمبے انگریزی بال رکھیں گے مذہبی پولیس ان کے بال کٹوا دے گی اور مجرموں سے معاوضہ لے کر حجاموں کو دیا جائے گا۔

۱۱۔قرضوں یا بڑے نوٹوں کے عوض چھوٹے نوٹ لینے پر ہر قسم کا سود لینے اور دینے کی ممانعت ہے۔منی آرڈروں پر معاوضہ لینے کی اجازت نہیں ہے، خلاف ورزی کرنے والوں کو طویل المدت قید کی سزا دی جائے گی۔

۱۲۔ندیوں کے کنارے نوجوان لڑکیوں کو کپڑے دھونے کی ممانعت ہے، جو لڑکیاں اس حکم کی خلاف ورزی کریں گی انہیں احترام کے ساتھ ان کے گھروں پر پہنچا دیا جائے گا اور ان کے خاوندوں کو سخت سزا ملے گی۔

۱۳۔شادی بیاہ پر ناچ گانے کی سخت ممانعت ہے، خلاف ورزی کرنے پر سربراہِ خاندان کو سخت سزا ملے گی۔ڈھول بجانے کی بھی ممانعت ہے۔

۱۴۔درزی، خواتین کے کپڑے سینے کے لیے خواتین کے ناپ نہیں لے سکتے۔ درزیوں کی دکانوں سے فیشن والے رِسالے نکلے تو انہیں قید کر دیا جائے گا۔

۱۵۔جادو کی ممانعت ہے، جادوگری کی کتابیں جلا دی جائیں گی اور جادوگروں کو توبہ کرنے تک قید کر دیا جائے گا۔

۱۶۔نماز مقررہ وقت پر ہوگی، نماز کے اوقات میں کوئی گاڑی نہیں چلے گی۔تمام مَردوں کو نماز کے لیے لازماً مسجد جانا ہوگا۔نماز کے اوقات اگر کوئی اپنی دکان پر پایا گیا' اسے قید کر دیا جائے گا۔''

یہ احکام طالبان کے اخلاص اور نفاذِ اسلام کی تڑپ کے آئینہ دار تھے۔وہ جس خلوص سے نفاذِ شریعت کا فرض ادا کر رہے تھے وہ ان کا ہی مایہ ناز کارنامہ ہے۔ اقامتِ دین ہر مسلمان کی خلقی اور منصبی ذمہ داری ہے...... جب اللہ تعالیٰ طالبان سے اتنا مُبارک اور عظیم وجلیل کام لے رہا تھا تو یقینِ کامل ہے کہ وہ اپنی بے کراں رحمت سے ان کی مدد و نُصرت بھی فرمائے گا اور امریکہ و یورپ کے سارے سورما ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہ جائیں گے۔ان شاءاللہ

طالبان کے خلاف امریکی یورش جہاں وسطِ ایشیا تک بڑھنے کے لیے ہے وہاں وہ اس خوف کی بھی آئینہ دار ہے:

کہ یہ ٹوٹا ہوتا رہ مۂ کامل نہ بن جائے

طالبان نے جب قندھار شہر پر باقاعدہ قبضہ کر لیا تو انھوں نے شہر کی عوام کے لیے جو اصلاحی اعلانات اور ہدایات جاری کیں، ان میں عورتوں سے کہا گیا کہ وہ گھروں سے نکلتے وقت بُرقع پہن کر نکلا کریں، کیوں کہ عورت کے بے پردہ ہو کر گھر سے نکلنے سے نہ صرف یہ اسلامی احکامات پامال ہوتے ہیں بلکہ ان سے معاشرے میں فساد بھی جنم لیتا ہے۔

❁---❁---❁

پروٹوکول

بنت الحسن

میرے چاروں طرف فلک بوس پہاڑوں کا وسیع وعریض سلسلہ پھیلا ہوا ہے اور ایک بڑے سے پتھر پر بیٹھ کر میں خود کو آسمان سے بہت قریب محسوس کر رہا ہوں۔ سرسراتی ہوئی خنک ہوائیں میرے اندر ایک عجیب سرمستی پیدا کرتی ہیں۔ یہاں آزادی کا احساس بہت توانا ہے۔ ہوا آزاد ہے، پرندے آزاد ہیں، پہاڑ آزاد ہیں، یہاں تک کہ میں بھی اپنے اندر آزادی کی ترنگ محسوس کرتا ہوں۔ بھلا انسان کے دماغ میں کون یہ خناس بھرتا ہے کہ وہ اپنے ہی جیسے دوسرے انسانوں پر غلامی کی کاٹھی ڈالے اور اسے زندگی کے اصل جوہر سے محروم کرے۔ میں نے ایک ٹھنڈی سانس بھری اور اپنے دائیں ہاتھ کی طرف پہاڑ کی پستیوں پر نظر ڈالی۔ بل کھاتی ہوئی سڑک کہیں نظر آتی تھی اور کہیں پہاڑ کی اوٹ میں چھپ جاتی تھی۔ میں نے سوچا ایسی ہی وہ سڑک تھی جس پر چل کر ایک دن میں ''کاکول اکیڈمی'' پہنچا تھا۔ بڑے حسین خواب تھے، بلند عزائم تھے، دل جوش اور خوشی سے بھرپور تھا۔ گاؤں کا شاید ہی کوئی لڑکا ہوگا جو افسری حاصل کر سکا ہو۔ میری ماں کا سر فخر سے بلند تھا۔ اس نے بیوگی کی کڑی دھوپ میں ہم بہن بھائیوں پر اپنی شفقت اور مامتا کا سایہ کیے رکھا۔ مجھے شدید مشکلات کے باوجود ایف۔ ایس۔ سی تک پہنچایا۔ سب سے بڑا ہونے کے ناطے مجھے اپنی ذمہ داریوں کا بھی احساس تھا اور ماں کی قربانیوں کا بھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے بے پایاں کرم سے مجھے ایک چھوٹا سا افسر بنا کے میدان میں لا کھڑا کیا تھا۔

شہر کے نرم و نازک لڑکوں کے لیے یہ زندگی بڑی سخت اور کٹھن تھی لیکن میرے لیے اور میرے جیسے دوسرے دیہاتی لڑکوں کے لیے اتنی بھی کٹھن نہ تھی۔ پھر اکیڈمی کی دوسالہ تربیت نے مزید چمکا دیا تھا۔ چند ہی سالوں میں پاکستان کے کئی شہروں کو (پوسٹنگ کے نتیجے میں) دیکھ لیا۔ بیچلرز ہاسٹل ہر جگہ تقریباً ایک ہی جیسے تھے۔ کمروں کی قطاریں اور سامنے لمبے لمبے برآمدے، میس کا کھانا اور شام کی تفریحات، کبھی کلب کی پرفسوں شامیں، دلچسپ گیمز اور فلمیں، فیملیز کے ساتھ تمبولا، کبھی کبھی دوستوں کے ساتھ شہر کی ایک مختلف زندگی بھی دیکھنے چلے جاتے۔ میرے زیادہ دوست نہ تھے کیوں کہ بھرپور ٹریننگ کے باوجود والدین کی تربیت اور سیدھے خیالات و روایات جا بجا لوگوں سے اور ان کے طرزِ حیات سے ٹکراتے تھے۔ اکثر و بیشتر چپ رہتا لیکن کئی دفعہ بول پڑتا اور دوستوں میں نکّو بنتا۔

''یار یہ تمبولا تو جوا ہے'' ایک شام میں نے کڑھ کے کہا۔ کیپٹن عارف کئی دفعہ میرے خیالات سے اتفاق کیا کرتا ہے لیکن اس بار اس نے کہا 'ارے بابا! اتنے بھی Rigid نہ بنو ان معصوم سی تفریحات سے اسلام کو کچھ نہیں ہوتا۔''

''میرا اسلام دوسروں کی طرح لکڑ ہضم، پتھر ہضم نہیں ہے۔'' میں نے جل کے کہا۔

''اچھا بابا! اٹھو کہیں اور چلتے ہیں ورنہ تمہارا ایک اور وعظ سننا پڑ جائے گا'' اس نے ہنس کے بات ہی ٹال دی۔ وہ میری بحثوں سے گھبراتا بھی تھا۔

وہ دن مجھے اچھی طرح یاد ہے جب ہمارے ایک ساتھی کی سیاچن پر شہادت کی خبر آئی۔ ہم نے بہت سا اچھا وقت ایک ساتھ گزارا تھا۔ ایسے قریبی ساتھیوں کی جدائی کا صدمہ بہت شاق گزرتا ہے۔ اگرچہ اس کی بہادری اور شہادت پہ ہمیں فخر تھا۔ میں بھی اس کے جنازے میں شریک تھا۔ فوجی روایات کے مطابق اس کے تابوت کو پاکستانی پرچم میں لپیٹ دیا گیا تھا۔ فوجی بینڈ نے ایک مدہم سی ماتمی دھن بجائی، چاق و چوبند دستے نے سلامی دی اور اسے سپردِ خاک کرنے کے بعد افسروں اور دوستوں نے قبر پر پھولوں کے Wearth رکھے۔ میرا غم کچھ اور سوا ہو گیا۔

''ایک طرف شہادت کا اسلامی تصور اور دوسری طرف یہ غیر اسلامی رسوم! یہ سب کیا ہے؟'' میں نے الجھتے ہوئے کیپٹن عارف سے کہا۔

''یہ تو ہمیشہ سے ایسا ہی ہوتا آیا ہے۔ تمھیں آج اس پر اعتراض کرنے کا خیال کیوں آیا؟'' اس نے الٹا مجھ پر اعتراض جڑ دیا۔ ''ہمیشہ سے نہیں، یہ انگریزی فوج کی روایات ہیں۔ اسلامی 'جمہوریہ پاکستان' کی 'مسلمان' فوج میں یہ کیوں جاری وساری ہیں؟''

''کیوں کہ یہ فوج آج بھی اپنے انھی خطوط پر چل رہی ہے۔ اور کیوں کہ ہم بحیثیت قوم غور و فکر کے عادی نہیں۔ اور کیوں کہ ہمیں اپنے اوپر اعتماد نہیں'' اس نے بڑی سنجیدگی سے جواب دیا۔

''میں تو وصیت کر کے جاؤں گا کہ اگر میں شہید ہوا تو میری میت کی یہ بے حرمتی نہ کی جائے'' میں نے اپنا فیصلہ سنا دیا۔

''اچھا تو مجھے بھی نہیں لگتا، مگر کیا کریں؟ فوج کا اپنا ایک پروٹوکول ہے جس کے ہم پابند ہیں'' عارف نے نرمی سے سمجھایا مگر میرا شعور اس فلسفے کو ہضم نہیں کر پایا۔ میں نے بے ساختہ کہا ''فوج کا پروٹوکول میرے اللہ کے پروٹوکول سے اوپر نہیں''

کیپٹن عارف نے چونک کر مجھے دیکھا اور چپ کا چپ رہ گیا۔ یہ اس کے لیے ایک نئی بات تھی۔ کبھی کبھی ہم جاگنگ کے لیے گیریژن گراؤنڈ چلے جاتے تھے جہاں اچھا سا جاگنگ ٹریک (Jogging Track) پچھلے دنوں ہی مکمل ہوا تھا۔ ٹریک کے دونوں طرف چھتنار درخت لگائے گئے تھے جو ابھی تو چھوٹے تھے۔ دو تین

سالوں میں بڑے ہو کر ٹریک کو خوب سایہ دار کر دیتے۔ یہاں فوجی کے ساتھ ساتھ سول فیملیز بھی آتی تھیں۔ سویلینز کو خصوصی پاس بنوانا پڑتا۔ صبح وشام مرد وخواتین کی یہ مخلوط جاگنگ چلتی رہتی۔ بعض شوخ نوجوانوں کے لیے یہ ایک دلچسپ تفریح بھی تھی۔ وہ ضرورت کے بغیر ہی محض تسکین نگاہ کے لیے آجاتے۔ تھوڑا بہت بھاگ دوڑ بھی لیتے مگر زیادہ تر خواتین پر تبصرے ہوتے۔ بڑے بڑے افسران کی بیگمات بھی وزن گھٹانے آتیں۔ میں دل ہی دل میں ہنستا۔ یا اللہ! یہ کیا طرزِ زندگی ہے؟ کہ سارا سارا دن آرام وآسائش میں گزارنا، مرغن کھانے کھانا اور شام کو واک کرنے یہاں چلے آنا؟ شاید یہ بھی ایلیٹ کلاس کی شان ہے۔ مجھے اپنے گاؤں کی عورتیں یاد آتی تھیں جو صبح سے لے کر شام سخت محنت کی زندگی گزارتی ہیں۔ میں یاد کرتا رہتا مگر کوئی بھی موٹی عورت حافظے میں نہ آتی۔ میرا ایبٹ مین کہتا: ''صاحب! یہ ان عورتوں کے ڈرامے ہیں، دکھاوا ہی دکھاوا، مصنوعی زندگی ہے ان مردوں عورتوں کی۔ ہمیں دیکھو جسم پر ایک بوٹی بھی فالتو نہیں۔''

میں ہنسا ''اسی لیے جاگنگ کی ضرورت نہیں۔ گاڑیوں پر سوار رہنے والوں کو اپنے حصے کے قدم تو اٹھانے پڑتے ہیں نا!'' پھر ایک دن ان جاگنگ کرنے والوں میں سے ایک افسر کی ٹرانسفر آگئی۔ اس کی الوداعی پارٹی میں میں بھی شریک تھا۔ کئی ساتھیوں نے تقریریں کیں اور اس افسر کی شان میں 'قصیدے' کہے۔ مگر حیرت مجھے اس وقت ہوئی جب ان میں سے بیشتر نے ''بیگم صاحبہ'' کے حسن اور سمارٹ نیس کی بھی کھل کر تعریفیں کیں۔ میں دریائے حیرت میں غوطے لگاتا ہوا یہ سوچتا رہا کہ صاحب کی افسری کے کمال میں بیگم کے حسن وجمال کا کیا کردار ہے؟ مگر کیا کیا جائے کہ یہی جدید تہذیب ہے اور یہی روشن خیالی ہے۔ مگر ایسی روشن خیالی کے جھماکے میری نظروں کو چندھیا دیتے تھے اور کئی مرتبہ میں اپنے آپ کو مس فٹ محسوس کرتا۔

ایسے بہت سے مواقع پر میرا اختلافی نکتہ نظر اب کافی احباب میں مشہور ہو چکا تھا اور کئی افسران تک بھی اس کی سن گن پہنچ گئی تھی۔ کئی مرتبہ سرزنش ہو چکی تھی۔ کیپٹن عارف نے تو ایک دفعہ یہ کہہ دیا: ''یار! تو ضرور اپنا کورٹ مارشل کروائے گا۔'' میں نے سر جھٹک دیا: ''میں اپنے ضمیر کا کورٹ مارشل برداشت نہیں کر پاتا۔ یہاں بہت کچھ ہمارے دین اور روایات کے خلاف ہے۔ اب یا تو ہم غلط ہیں یا پھر یہ سب کچھ غلط ہے۔''

''نہیں! بلکہ تو غلط جگہ پر آ گیا ہے۔'' عارف نے ہنس کر کہا۔ ''تجھے تو پگڑ باندھ کے گھوڑے پہ سوار تلوار بازی کرنی چاہیے تھی اور کافروں کے کشتے کے پشتے لگانے چاہیے تھے۔''

